19/04/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

خلائی مشن

بھارت اپنے خلائی سفر میں ایک اور تاریخ رقم کرنے کےلئے تیار ہے۔ در اصل ایک بھارتی خلا باز اگلے مہینے ایک بین الاقوامی مشن کے ساتھ انٹرنیشنل سپیس سٹیشن کی طرف اُڑان بھرے گا۔

نئی دلی میں اسرو کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے بعد خلائی اور ایٹمی توانائی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یہ جانکاری دی کہ بھارتیہ فضائیہ کا گروپ کپٹن شبھانشو شکلا اس مشن پر روانہ ہونگے اور اسطرح سے بھارت کے خلائی سفر میں ایک نیا باب درج ہو گا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ اب جموںو کشمیر کے عوام پُر امن زند گی گذار رہے ہیں کیونکہ وہ یہ بات جانتے ہیں کہ جموںوکشمیر پولیس کے جوان دہشت گردی اور جرائم کا مقابلہ کر کے انسانی زند گی کو تحفظ فراہم کر تے ہیں۔

گاندربل کے منی گام پولیس تربیتی سکول میں منعقدہ پاسنگ آوٹ پریڈ سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے ریکروٹوں سے تاکید کی کہ وہ اپنے وطن کی سلامتی کےلئے ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض نبھائیں۔

-----

CMملاقات

کُل ہند کانگریس کمیٹی کے جموںو کشمیر اور لداخ امور کے انچارج ڈاکٹر سید نصیر حسین نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔ اس موقعے پر سینئر کانگریس لیڈران طارق حمید قرہ اور غلام احمد میر بھی موجود تھے۔ انہوںنے علاقائی اہمیت کے بعض باہمی دلچسپی کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف جغرافیہ اینڈ ڈیزاسٹر منیجمنٹ کی طرف سے ایک یادگار Alumni میٹ منعقد کی گئی، جس میں شعبے کے اُن سابقہ طالب علموں کو مدعو کیا گیا تھا، جنہوں نے مختلف شعبوں میں اپنی کارکردگی کا لوہا منوایا ہے۔

اس موقعے پر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلو فر خان نے تحقیق و تدریس کے محاذوں پر قابل قدر کام کرنے کےلئے محکمے کی سراہنا کی۔

میں معروف فلم ساز مشتاق علی احمد خان// اور Alumniپروگرام میں شرکت کرنے والے اہم معروف براڈ کاسٹر سید ہمایوں قیصر تھے ، جنہوننے اس موقعے پر بصیرت افروز تقاریر کیں۔

اس سے پہلے ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ پروفیسر پرویزاحمد نے اپنے استقبالیہ خطبے میں شعبے کی ترقی اور حصولیابیوں کا خاکہ پیش کیا۔

کپواڑہ

کپواڑہ میر محمد فیاض نے ضلع افسروں اور دیگر متعلقین کی ایک میٹنگ میں قصبہ MLA کپواڑہ کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔

ایم ایل اے موصوف نے عوامی بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانے کےلئے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت اُجاگر کی۔

حادثہ

قومی شاہراہ پر آج صبح سویرے بارسو اونتی کے مقام پر ایک ٹیمپوٹراوئلر گاڑی کو حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار کئی مسافر زخمی ہو گئے ہیں۔

ہمارے پلوامہ کے نمائندے نے پولیس ذرائع کا حوالہ دیکر خبر دی ہے کہ زخمیوں کو علاج کےلئے اسپتال پہنچایا گیا ہے۔

ٹولپ گارڈن

موسم بہار کے چلتے ان دنوں وادی میں سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ دیگر سیاحتی مقامات کے علاوہ ان دنوں سرینگر کے ٹولپ گارڈن میں سیاحوں کی خاصی رونق ہے۔

کل مزید26ہزار775 سیلانیوں نے باغ گل لالہ کی سیر کی۔ اس طرح سے اس سال اب تک مجموعی طور پر ٹولپ گارڈن جانے والے سیاحوں کی تعداد 7 لاکھ 75 ہزار 23 ہو گئی ہے۔

## شکارا

دریں اثناءمحکمہ سیاحت نے جھیل ڈل اور دیگر جھیلوں میں کام کرنے والے شکارا مالکان کےلئے کچھ ضروری رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔

ان میں اور چیزوں کے علاوہ تمام شکاروں کو محکمے کے ساتھ رجسٹر کرنے اور سواریوں کی سلامتی کےلئے شکاروں پر مناسب تعداد میں زند گی بچانے والے جیکٹ دستیاب رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

## موسم

وادی میں کل سے گرج چمک کے ساتھ درمیانہ سے بھاری بارشوں کے ساتھ بعض علاقوں میں جم کر ژالہ بھاری ہوئی ہے جس کے نتیجے میں نہ صرف درجہ حرارت میں کمی واقع ہوئی بلکہ سیزن کے فصلوں کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔

گاندربل اور شوپیان کے ہمارے نمائندوں کے مطابق ان دونوں اضلاع کے متعدد علاقوں میں اولے گرنے سے نہ صرف ربیع فصلوں بلکہ میوہ باغات کے شگوفوں کو بھاری نقصان پہنچ گیا ہے، جس کے نتیجے میں کسان فکر و تشویش میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

## شاہراہ

اس بیچ خراب موسم کے با وجود،سرینگر جموں قومی شاہراہ ہر طرح کی گاڑیوں کےلئے دوطرفہ کھلی ہے۔

حالانکہ گریز بانڈی پورہ سڑک پر احتیاط کے طور پر فی الحال گاڑیوں کی آمد ورفت روک دی گئی ہے۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ5ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ